## سوال

اسلامک بینکنگ

## جواب

پاکستان میں اسلامک بینکنگ کی حقیقت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اسلامک بینکنگ حلال ہے یا حرام؟ اوراگر آپ اس کو حلال قرار دیتے ہیں توکیا آپ اللہ کو گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ روز قیامت اگراللہ نے مجھے پکڑا اور اگر یہ جرم ہوا تو حساب، سزا و جزا آپ بھگتیں گے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پاکستانی بینکس کے بارے میں ہم نے کبھی نہیں کہا کہ وہ اسلامی ہیں، افسوس کی بات ہے کہ ہمارے علم کے مطابق اس وقت پاکستان میں کوئی ایک بینک بھی ایسا نہیں ہے جو سو فیصد اسلامی ہو، اور جو بینک اسلامی ہونے کے دعویدار ہیں، وہ جعل سازی اور ملمع کاری سے لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں، حکومت کے ساتھ ان کے معاملات بھی سودی ہی طے ہوتے ہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث